السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

سوال: کیا عصر کی نماز سے پہلے یا بعد میں تحیۃ المسجد پڑھ سکتے ہیں؟ عصر کے بعد پڑھنے سے مراد یہ ہے کہ آدمی عصر پڑھ چکا ہو۔ اب وہ دوبارہ مسجد میں داخل ہو اور مغرب کا وقت داخل نہ ہوا ہو، وہ مغرب کے انتظار میں مسجد میں داخل ہو تو کیا وہ دو رکعت نفل پڑھ سکتا ہے؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علی رسول اللہ، أما بعد!

جواب: نبی کریم ﷺ کا ارشاد گرامی ہے کہ جب کوئی شخص مسجد میں آئے تو تحیۃ المسجد کی دو رکعتیں پڑھنے سے پہلے نہ بیٹھے:

(إذا دخل أحدکم المسجد فلیرکع رکعتین قبل أن یجلس) (بخاری: 425)

''جب تم میں سے کوئی شخص مسجد میں داخل ہو تو بیٹھنے سے پہلے دو رکعتیں پڑھے۔''

نماز عصر سے پہلے تحیۃ المسجد پڑھنے میں تو کسی کا کوئی اختلاف نہیں ہے، کیونکہ یہ وقت ممنوع اوقات میں شامل نہیں ہے۔ جبکہ عصر کے بعد ممنوع اوقات ہونے کے سبب تحیۃ المسجد پڑھنے میں اختلاف پایا جاتا ہے۔

اور اس سلسلے میں راجح بات یہ ہے کہ ان اوقات میں سببی نماز پڑھنا جائز ہے، جبکہ غیر سببی نماز ناجائز ہے۔ شیخ ابن باز رحمة اللہ علیہ فرماتے ہیں:

ھذا القول ھو أصح الأقوال وھو مذھب الشافعي وإحدی الروایتین عن أحمد واختارہ شیخ الإسلام ابن تیمیة وتلمیذہ العلامة ابن القیم وبہ تجتمع الأخبار (حاشیہ فتح الباری: 2/59)

''یہ صحیح ترین قول ہے اور یہی امام شافعی رحمة اللہ علیہ اور ایک روایت کے مطابق امام احمد رحمة اللہ علیہ کا قول ہے۔ شیخ الاسلام ابن تیمیہ رحمة اللہ علیہ اور ابن قیم رحمة اللہ علیہ نے بھی یہی مسلک اختیار کیا ہے اور اسی سے احادیث کے درمیان بھی تطبیق ہو جاتی ہے۔''

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتویٰ کمیٹی

محدث فتویٰ